مطبوعات

حافظ لدھیانوی کے نعتیہ مجموعے | از جناب حافظ لدھیانوی - ناشر: بیت الادب راجہ روڈ، گلستان کالونی، فیصل آباد۔

محترم حافظ لدھیانوی اُردو کے نعت گو شعراء میں بہت اُونچا مقام رکھتے ہیں۔ فنی محاسن کے علاوہ اُن کی نعتوں کی ایک اور بہت نمایاں خوبی یہ ہے کہ وہ ثنائے رسولؐ کرتے ہوئے حدودِ شریعت کا پورا پورا خیال رکھتے ہیں۔

تازہ تین مجموعے پیشِ نظر ہیں:

۱۔ یا صاحب الجمال (۲) صلِ علی النبی (۳) سلام بحضور خیر الانام۔

یہ نہایت اہتمام سے شائع کیے گئے ہیں۔ سفید دبیز کاغذ لگایا گیا ہے۔ اور کتابت و طباعت کا اہتمام قابلِ داد ہے۔ پہلی دونوں کتابیں مجلد اور بہت خوشنما گرد پوش سے آراستہ ہیں۔ دونوں کی قیمت پچاس پچاس روپے ہے۔ تیسری کتاب غیر مجلد ہے اور یہ مفت طلب کی جا سکتی ہے۔ ہم سفارش کرتے ہیں کہ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت و عقیدت رکھنے والے حضرات یہ مجموعے ضرور حاصل کریں۔

حافظ صاحب کے چند اشعار ملاحظہ ہوں:۔

انداز سخن دیکھیے محبوبِ خدا کے — ہر اشک ہے قیمت میں فزوں لعل و گہر سے

طرحِ نو نعت میں ڈالی ہم نے — دے کے اشعار کو آہنگِ غزل

رُخِ زیبا سے ہے زیبائی عالم کو فروغ تجھ سے ہے رنگِ چمن حسنِ بہاراں تجھ سے

سلام اُس پر لقب خیر الامم جس سے ملا ہم کو یقین کا نور، ایمان کا عَلَم جس سے ملا ہم کو

حافظ صاحب محترم نے اس کتابچے میں ترجمے کے ساتھ گیارہ ایسی احادیث اکٹھی کر دی ہیں جو برکات حاصل کرنے اور مشکلات سے رہائی پانے کے لیے بطور دُعا پڑھی جاتی ہیں۔ یہ کتابچہ بھی بہت خوشنما ہے اور ثواب حاصل کرنے کی نیت سے شائع کیا گیا ہے۔ مندرجہ بالا پتہ سے طلب کیجیے۔

(نظر زیدی)

ماہنامہ کتاب نما (دہلی) | ایڈیٹر: شاہد علی خاں۔ ناشر: مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی۔ بھارت۔ قیمت فی پرچہ پانچ روپے۔ سالانہ چندہ ۴۵/ روپے

حصول آزادی کے بعد بھارت میں اُردو زبان پر جو اُفتاد پڑی، وہ اپنی جگہ۔ متعصب ہندو قیادت نے اس زبان کو مٹانے کا فیصلہ کر لیا۔ جو اس ملک کی عظمت کا ایک نشان ہے، لیکن اس حکومتی رویّے کے باوجود بھارت میں اُردو کا عَلَم سرنگوں نہ ہوا۔ اہلِ ہمّت نے جن میں ایک بڑی تعداد ہندوؤں کی بھی ہے، اس زبان کی بقا اور ترقی کے لیے نہایت مفید خدمات انجام دیں اور دے رہے ہیں۔

ماہنامہ کتاب نما دہلی اس کا ایک ثبوت ہے۔ ہم دُعا کرتے ہیں خدا کرے کہ اُردو کی اس شمع درخشاں کو روشن رکھنے میں کامیاب رہیں۔

(نظر زیدی)